
# THE INTELLECT BULLETIN

MONTHLY | JANUARY 2015 | RABI UL AWAL 1436 A.H | VOL-1, ISSUE-1





## News & Views

# Mufti-e-Azam, Pakistan, Strongly Condemns the Attack

### Translation of the speech given by the Mufti-e-Azam of Pakistan, Muhammad Rafi Usmani مُدَّظِلُّہُم

The recent incident that took place in the city of Peshawer, left the world shocked and many families filled with grief as they lost their young innocent children.

The incident drew upraoar from around the world as condolences poured in. In view of the attack, .Mufit-e-Azam, Muhammad Rafi Usmani, also shared in the grief of the parents who had lost their children. He said, in a short speech, that we were with the families of the martyr and may Allah c grant them with a lot of patience

His speech, as translated, is as follows:

"Those who carried out this attack, if they call themselves the Taliban, than they are stating a lie of the highest order. If they had really been the Taliban, the seekers of education, they would have never done what they did. All political and religious parties unanimously agree that Pakistan should be rid of such terrorists.

وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْ مِناً مُّتَعَمِّداً فَجَزَآ ءُهٗ جَهَنَّمُ خَالِداً فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّلَهٗ عَذَاباً عَظِيْماً



"Whoever kills a believer deliberately, his reward is Jahannam (Hell) where he shall remain forever, and Allah shall be angry with him and shall cast curse upon him, and He has prepared for him a mighty punishment." (Quran-4:93)

Allah c in the Holy Quran and through the Ahadith of His Prophet ɡ clearly condemns murder as the worst sin possible and the Quranic ayat quoted above, Allah c says that the person who commits murder will go to hell and will burn in hell fire forever, and on him will be Allah's c wrath and for him Allah c has prepared extreme pain.

In the same manner, our beloved Prophet ɡ in his last sermon, amongst the many important messages for his Ummah, also said that after me, do not become like the disbelievers that you start killing each other's neck.

From this Ahadith it becomes quite clear that for Muslims, committing a murder is equivalent to acting like a non-believer and it is not a character strait of a Muslim. But the horrifying and the shameful act carried out in Peshawer, has put a black spot on the entire nation.

The people who carried out this act are terrorists, wrong doers, renegades, and traitors to the country and its people. They are waging war against the Muslim Ummah and this is an act that cannot be carried out by a Muslim of even the lowest level of Emaan.

Even in the worst of wars against the non-believers, the teachings of Islam do not allow the killing of children, but*Page 2*

# Washington Hosts Prophet's ɡ Exhibition

### Titled "Love for the Prophet", the exhibition showcases several paints by famous calligraphers, including Turkish.

An Islamic calligraphy exhibition was opened in Washington a few days ago to reflect the true-values of Islam and its beloved Prophet ɡ

"This exhibition is quite meaningful and launched timely in terms of telling what Islam represents via the Quranic verses and deeds of our Prophet ɡ, while Islam and its values is abused and misinterpreted in the world, particularly the Middle East," Turkish ambassador to Washington, Serdar Kilic,


Titled "Love for the Prophet", the exhibition showcased several paints by famous calligraphers, including Turkish.

Verses from the holy Quran, deeds of our beloved Prophet ɡ and tablets on which he is identified were also presented by the exhibition hosted by the Turkish embassy.

A similar exhibition was held last month in New York

Many Muslims see his birthday as an important time to learn about and reflect on his life.*Page 2*












# Excessive use of Social Networking sites could lead to poor impulse control

### Nearly 90 per cent of them had an active Facebook profile. They were spending one-third of their online browsing time on the social networking site.

Excessive online social networking is not only addictive but can be associated with other disorders involving poor impulse control that can lead to substance abuse, a new research shows.

In a study involving 292 undergraduate students -- 18 years and older, psychologist Julia Hormes from the University at Albany, New York, evaluated them on criteria commonly used to assess alcohol addiction.

Nearly 90 per cent of them had an active Facebook profile. They were spending one-third of their online browsing time on the social networking site.


About 10 per cent of users experienced what researchers classified as "disordered social networking use".

"These participants reported addiction-like behavior and showed irritability when they were without access to Facebook and an increase in use over time," researchers said.

This group also had problems with poor impulse control which is a risk factor for substance addiction.

According to Hormes, the research may help categorize disordered social networking as a behavioral addiction.





## Bait-us-Salam Updates

# Participation in the International Book Fair, Karachi:

Fahmedeen Publications also participated in the recently held international book fair in the city. A stall was set up and all publications were sold at competitive rates. Thousands visited the fair and frequented our stall too. Some known persons who were introduced to Fahmedeen Publications are: the first Pakistani MP of Canada; Mufti Najeeb of Darul-uloom and his father Professor Mohammad Ahmed; Mr. Mohammad Hussain Mehenti (A Jamati Islami leader); Vice Chancellor of Urdu University Mr. Zafar Iqbal; MPA Mr. Khawaja Izarul Hasan and Mr. Abdul Jabbar Nasir of Dunya News.

An independent body of the local schools also visited the fair and marked the Fahmedeen Publications magazines as value worthy for the youth in their evaluation.



## Facts, Events & Beliefs

# Revolutionary Scientists of the Muslim World (Part-1)

The Islamic history is filled with the amazing intellectual accomplishments of Muslims now unfortunately lost in the celebrated glories of the developed nations. Muslims were at the forefront of almost all sciences, making great discoveries and inventions.

Some of them are:

### • Ibn Sina:

Better known to us by the Western name given to him, Avicenna, Ibn Sina was born in Uzbekistan. His expertise spanned over many fields. He wrote almost 450 treatises on subjects ranging from mathematics, geometry to medicine and astronomy.

His book, **'The Law of Medicine'**, is considered to be one of the most famous books in the history of medicine. The book provides a comprehensive system of medicine and was used as a standard text-book for medical education for many years in Europe.

Dr. William Osler, the Father of modern medicine wrote that the work of Ibn Sina has remained "a medical bible for a longer time than any other work."

### • Al Jazari:

Considered the father of modern engineering, Al Jazari was a Turkish national. He occupies a special place in the history of Muslim origins of modern automation and robotics. He is best known for his book **'The Book of Knowledge of Ingenious Mechanical Device,** 'where he described 100 mechanical devices, some 80 of which are trick vessels of various kinds, along with instructions on how to construct them.

He is the inventor of the Cam Shaft, the Crank Shaft, double-action suction pumps and the flush systems used in modern d ay toilets.

British engineer and historian of science and technology, Donald R. Hill wrote, "It is impossible to over-emphasize the importance of Al-Jazari's work in the history of engineering. It provides a wealth of instructions for design, manufacture and assembly of machines."

### • Jabir ibn Hayyan:

Again better known as Geber, the Western name given to him, Jabir ibn Hayyan was a Persian whose expertise spanned a significant number of different subject areas. He was a chemist, alchemist, astronomer, engineer, geographer, philosopher, pharmacist and physician.

Also known as the Father of chemistry, Jabir ibn Hayyan defined the concept of Atom, which John Dalton, the English chemist discovered much later.

His books were translated into Latin and became standard texts for European chemists.

# دی انٹیلیکٹ بلیٹن

ماہنامہ | جنوری 2015 | ربیع الاول 1436 | جلد نمبر 1، شمارہ نمبر 1



انسان جب کسی سے مرعوب ہو جاتا ہے تو اس کی نقالی شروع کر دیتا ہے
اللہ نے کفار کی اسی ترقی کو مسلمانوں کے لیے آزمائش بنا دیا ہے
اسے دیکھ کر بہت سارے لوگ اپنا ایمان کھو بیٹھتے ہیں

کفار کی ترقی کا فتنہ، ایک فکری تحریر ملاحظہ فرمائیں صفحہ 2 پر



اگر آپ چاہتے ہیں کہ کوہسار کی بلندی پر براجمان ہوں اور دامن کوہ میں نہ بیٹھے رہیں
تو مہارتیں جہاں سے اور جیسے بھی ملیں، انہیں حاصل کر کے اپنانے کی کوشش کریں

انسانی صلاحیتوں کو نکھارنے والی تحریر

اپنے آپ کو ترقی دیجیے: ملاحظہ فرمائیں صفحہ 2 پر






# دنیا میں حقوقِ انسانی کے علم بردار امریکا میں تفتیش کے طریقہ کار پر سخت تنقید

## واٹر بورڈنگ (پانی میں ڈوبنے جیسی کیفیت) اور نیند پوری نہ کرنے دینا ظالمانہ اور ناجائز طریقے ہیں: امریکی سینٹ کی رپورٹ

### تشدد کے اِن طریقوں سے دہشت گردوں کے خلاف کوئی اہم کامیابی حاصل نہیں ہوئی، سی آئی اے میں ایسا کام کرنے والوں کو سخت سزائیں دینے کا مطالبہ: اقوامِ متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیمیں

امریکا (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی سینٹ نے ایک رپورٹ شائع کی ہے، جس میں سی آئی اے کے سفاکانہ اور بہیمانہ طریقہ تفتیش پر سخت تنقید کی ہے، اس میں کہا گیا ہے کہ واٹر بورڈنگ (پانی میں ڈوبنے جیسی کیفیت، نیند پوری نہ کرنے دینا جیسے طریقوں سے مجرموں کو اذیت پہنچانا انتہائی ظالمانہ اور انسانیت سے گری ہوئی حرکت ہے۔ رپورٹ میں اِن گھٹیا سزاؤں کا ذکر کرتے ہوئے یہ بھی کہا گیا ہے کہ قیدیوں کو 180 گھنٹوں تک سونے نہیں دیا جاتا تھا، اسی طرح انہیں تکلیف دہ حالت میں دیر تک کھڑے رکھا جاتا تھا۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ سعودی شہری ابوزبید کو گھنٹوں تک تابوت نما صندوق میں قید رکھا گیا۔ رپورٹ میں اس بات کا بھی انکشاف کیا گیا کہ دہشت گردی کے الزام میں زیرِ حراست 119 افراد میں سے 26 بے گناہ تھے، پھر اِن سب سے بڑھ کر رپورٹ میں یہ بات بھی ذکر کی گئی کہ دہشت گردی کے خلاف حاصل ہونے والی 20 بڑی کامیابیوں میں سے کوئی ایک بھی ان پُرتشدد طریقوں سے حاصل نہیں ہوئی، اس لیے اِن نکات کی روشنی میں اقوامِ متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ 2001ء سے 2007ء کے درمیان سی آئی اے کے اس پروگرام کے لیے کام کرنے والے حکام کو سخت سزائیں دی جائیں۔



دوسری طرف انسان کے علم برداروں اور حقائق کو کھلے دِلوں تسلیم کرنے والے امریکی رہنماؤں کی اصل حقیقت اُس وقت کھل کر سامنے آجاتی ہے، جب جارج بش نے امریکی سینٹ کی رپورٹ کا انتظار کیے بغیر، اس کے شائع ہونے سے ایک ہفتہ پہلے ہی اُسے تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے سی آئی اے کا دفاع کرنا شروع کر دیا تھا۔ اسی طرح سابق امریکی نائب صدر ڈک چینی نے بھی اسی سے ملتا جلتا موٴقف اختیار کیا، انہوں نے کہا کہ انہوں نے رپورٹ پوری پڑھی نہیں ہے، لیکن اُن کے بقول سینٹ کی یہ رپورٹ غلطیوں سے پُر ہے۔

# بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کی طرف سے کمبلوں کی تقسیم

## متاثرینِ بنوں میں سردی سے بچاؤ کے لیے بڑی تعداد میں کمبلوں کی تقسیم کی گئی

### یہ گرم کمبل بنوں اور نورنگ کے اضلاع میں پناہ گزین 300 خاندانوں میں تقسیم کیے گئے

بنوں (نمائندہ خصوصی دی انٹیلیکٹ) بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ پاکستان کا ایک معروف رفاہی ادارہ ہے اور ماضی میں کئی بار آسمانی آفتوں سے متاثرہ بہت سے پاکستان علاقوں میں ملک وملت کے فلاح و بہبود کے لیے اپنا نمایاں کردار ادا کر چکا ہے، اس وقت شمالی وزیرستان میں جاری فوجی آپریشن کی وجہ سے لاکھوں کی تعداد میں جو مقامی باشندوں کو اپنے گھر بار اور کاروباروں کو خیرباد کہہ کر ہجرت کا سانحہ برداشت کرنا پڑ رہا ہے، وہ ایک قومی بحران کی شکل اختیار کرتا جا رہا ہے۔ حکومت اگرچہ یہ دعویٰ کر رہی ہے کہ وہ اِن مہاجرین کی دوبارہ آبادکاری کا ایک جامع پلان تیار کر چکی ہے، لیکن زمینی حقائق کے تناظر میں دیکھا جائے تو ابھی مستقبل قریب میں نہ تو آپریشن ختم ہونے کا کوئی امکان نظر آرہا ہے اور نہ ہی مہاجرین کی آبادکاری کی کوئی صورت۔

بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ دعا گو ہے کہ پاکستان اس بحران سے جلد از جلد کامیابی سے باہر نکل آئے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ نے اِن لاکھوں مہاجرین کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے وہاں پر قرآنی مراکز بھی قائم کر دیے ہیں، جو تقریباً چھ ماہ سے اِن معصوم بچوں کو آوارگی سے بچانے اور اِن کے ذہنوں کی مثبت اور تعمیری آبیاری کرنے میں مصروفِ عمل ہیں۔ بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ نے اس سے پہلے عید الاضحی بھی انہی دربدر پھرتے لوگوں کے ساتھ منائی تھی اور بڑے پیمانے پر اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا تھا، اسی طرح بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ اس سے پہلے بھی کئی بار اِن مہاجرین کے ساتھ نقدی اور اشیائے خوردونوش کے ذریعے تعاون کر چکا ہے۔ اور اب گزشتہ ماہ جب کہ اِن علاقوں میں سردیوں کی چیرہ دستیاں بھی اپنے عروج پر پہنچ چکی ہیں اور اِن بے سروسامان مہاجرین کے پاس اس کا مقابلہ کرنے کے لیے کوئی سامان نہیں ہے تو ایسے میں بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ نے بنوں اور نورنگ کے اضلاع میں پناہ گزین مہاجروں کے 300 خاندانوں میں سردی سے بچاؤ کے لیے بڑی تعداد میں گرم کمبل تقسیم کیے۔

# ہم سانحہ پشاور میں شہید ہونے والے بچوں اور اُن کے والدین کے غم میں برابر کے شریک ہیں

## اللہ تعالیٰ انہیں صبرِ جمیل عطا فرمائے: مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد رفیع عثمانی دامت برکاتہم

### تمام سیاسی اور مذہبی تنظیمیں اور تمام ادارے حکومت کے اس بات پر متفق ہوں کہ اس ملک سے دہشت گردوں کا صفایا کیا جائے گا: سانحہ پشاور پر مفتی اعظم پاکستان کے دردانگیز تاثرات

وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِناً مُتَعَمِّداً فَجَزَآءُهٗ جَهَنَّمُ خَالِداً فِيهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّلَهٗ عَذَاباً عَظِيماً

قرآن کریم میں اور احادیث میں قتلِ مسلم کو بدترین جرائم میں شمار کیا گیا ہے اور قرآن کریم کی جو آیت ابھی میں نے پڑھی ہے، اس میں فرمایا گیا ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو قتل کرے گا تو اس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اللہ کا غضب اس کے اوپر نازل ہو گا اور اللہ کی لعنت اس پر آئے گی اور اس کے لیے اللہ تعالیٰ نے عذاب عظیم تیار کر رکھا ہے۔

اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع میں جہاں اور بہت ساری اہم باتیں امت کے لیے بطور وصیت کے ارشاد فرمائی تھیں، اُن میں یہ جملہ بھی خاص طور پر ارشاد فرمایا تھا کہ لَاتَرْجِعُوْا بَعْدِی کُفَّاراً یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ یعنی میرے بعد تم کافروں کی طرح نہ ہو جانا کہ تم ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو۔ معلوم ہوا کہ مسلمانوں کا آپس میں قتل و قتال کرنا کافروں والا کام ہے، مسلمانوں کا کام نہیں ہے۔ اور خصوصاً پشاور میں جو دردناک، الم ناک اور شرم ناک واقعہ پیش آیا، اس سے تو ہر انسان کا دل لرز اٹھا، بل کہ سچی بات یہ ہے کہ یہ ایسا سانحہ ہے کہ پوری قوم کے اوپر بہت بڑا دھبہ لگ گیا اور جن لوگوں نے یہ حرکت کی، انہوں نے اپنا نام اگر طالبان رکھا ہے تو پرلے درجے کا جھوٹ بولا ہے انہوں نے۔ اگر وہ واقعی طالبان اور علم دین کے پڑھنے والے ہوتے تو وہ کبھی یہ حرکت نہ کرتے، یہ ظالمان ہیں، دہشت گرد ہیں، باغی ہیں، غدار ہیں ملک کے اور قوم کے۔ اہل اسلام کے خلاف جنگ کر رہے ہیں، یہ حرکت تو کوئی ادنیٰ درجے کا مسلمان بھی نہیں کر سکتا، کیوں کہ عین جنگ کی حالت میں جب کہ دشمن کافروں سے ہماری جنگ ہو رہی ہو، اس وقت بھی اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ معصوم بچوں پر ہاتھ نہ اٹھاؤ، لیکن اِن ظالموں نے، دہشت گردوں نے، درندوں نے یہ حرکت کی کہ معصوم بچوں کو اس ظالمانہ انداز میں شہید کیا کہ اس سے ان کے ماں باپ کے دِلوں پر جو گزری وہ تو گزری ہی ہے، آج ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ پاکستان کا ہر مسلمان، بل کہ مسلمان کیا غیر مسلم بھی اس درد کو اپنا درد محسوس کرتے ہیں، کوئی قوم جس میں ذرا بھی انسانیت ہو، وہ معصوم بچوں کے اوپر اپنی بہادری نہیں جتایا کرتی۔ اللہ تعالیٰ ان دہشت گردوں کا خاتمہ فرمائے۔ یہ وقت ہے اس بات کا کہ پوری قوم متحد ہو، تمام سیاسی اور مذہبی تنظیمیں اور تمام ادارے حکومت کے اس بات پر متفق ہوں کہ ان دہشت گردوں کا صفایا کیا جائے گا اس ملک سے، اس ملک میں کسی بھی درجے میں ایسے خبیث دہشت گردوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا ایسا قلع قمع کیا جائے کہ ان کا کوئی فرد باقی نہ بچے، ہم اِن بچوں کے والدین کے دُکھ درد میں شریک ہیں اور ہمارے دِل رو رہے ہیں۔ اِن بچوں کے غم میں اور اِن کے والدین کے اس غم میں۔ اللہ تعالیٰ ان حضرات کو صبر جمیل اور فلاح دارین عطا فرمائے اور ان ظالموں کو کیفرِ کردار تک پہنچائے۔ ان جیسے جو جو بھی ظالم اس ملک میں ہیں، ان کا خاتمہ کرے اور اِن کو عبرت ناک سزائیں اللہ تعالیٰ اِن کو دِلوائے۔





# امریکہ میں سیاہ فام ایرک گارنر کی پولیس تشدد سے ہلاکت، صورتِ حال سنگین

## نسل پرست پولیس کو روکو: میں سانس نہیں لے سکتا: بینرز پر درج نعرے، سفید فام افراد کی بھی شرکت

### کیا اب بھی انسانیت کو اسلام کے نبی ﷺ کا پیغام سمجھ نہیں آتا، کہ کسی گورے کو کالے پر کوئی فوقیت نہیں: علمائے کرام

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ میں پولیس کے تشدد سے نہتے سیاہ فام افراد کی ہلاکتوں کے حالیہ واقعات کے خلاف دارالحکومت واشنگٹن سمیت کئی شہروں میں مظاہرے ہوئے ہیں۔ واشنگٹن کے علاوہ نیویارک اور بوسٹن میں نکالی جانے والی بڑی احتجاجی ریلیوں میں شدید سردی کے باوجود ہزاروں افراد نے شرکت کی ہے جن میں سفید اور سیاہ فام دونوں شامل تھے۔ ان مظاہرین نے بینر اور بڑے بڑے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر 'سیاہ فام لوگوں کی زندگی پر بھی فرق پڑتا ہے۔'، 'نسل پرست پولیس کو روکو' اور 'میں سانس نہیں لے سکتا' جیسے نعرے درج تھے۔ امریکہ میں حالیہ دنوں میں نہتے سیاہ فام لوگوں پر پولیس کی کارروائی اور اس میں سیاہ فام لوگوں کے مارے جانے کے معاملے سامنے آئے ہیں۔ 'میں سانس نہیں لے سکتا' جیسے نعرے کا براہ راست تعلق ایرک گارنر سے ہے جو نیویارک میں اپنی گرفتاری کے وقت گڑگڑا رہے تھے کہ میں سانس نہیں لے سکتا ہوں اور اسی دوران گارنر کی موت ہو گئی تھی۔ واشنگٹن میں ہونے والے مظاہرے میں ایرک گارنر کے اہل خانہ کے علاوہ مائیکل براؤن نامی سیاہ فام شہری کے رشتہ دار بھی شامل تھے۔ ۱۸ سالہ مائیکل براؤن کو ریاست میزوری کے علاقے فرگوسن میں کچھ عرصہ قبل ایک سفید فام پولیس افسر نے گولی مار دی تھی۔ دارالحکومت واشنگٹن میں مظاہرے کے دوران گارنر کی والدہ گوین کار نے اس مارچ کو 'تاریخ ساز لمحہ' قرار دیا۔ مائیکل براؤن کے معاملے میں پولیس کے خلاف کارروائی نہ کرنے کے فیصلے سے نہ صرف فرگوسن میں بلکہ دور دراز آک لینڈ اور کیلیفورنیا میں بھی پر تشدد مظاہرے بھڑک اٹھے تھے تاہم گارنر کی موت پر ہونے والے مظاہرے پر امن رہے تھے۔





# جامعہ بیت السلام کراچی میں سہ ماہی امتحانات کے نتائج کے اعلان اور تقسیمِ انعامات کی تقریب کا انعقاد

## طلبہ قوم کی امانت ہیں، ان کے شان دار مستقبل کے لیے سرپرستوں اور اساتذہ کی خصوصی نشست



کراچی (نمائندہ خصوصی دی انٹیلیکٹ) کراچی کے معروف تعلیمی ادارے جامعہ بیت السلام کراچی میں گزشتہ ماہ سہ ماہی امتحانات کے نتائج اور تقسیمِ انعامات کی تقریب کا انعقاد ہوا۔ جامعہ گزشتہ پانچ سال سے باقاعدگی سے اس تقریب کا اہتمام کر رہا ہے، اس تقریب کا واحد مقصد صرف نتائج کا اعلان اور انعامات کی تقسیم نہیں، بل کہ طلبہ کی بہترین تعلیم، مثالی تربیت اور شاندار مستقبل کے لیے اُن کے سرپرستوں سے خصوصی اور تفصیلی ملاقات بھی کرنا ہے، جس میں طلبہ کے تعلیمی نتائج کے ساتھ ساتھ اُن کی اخلاقی کیفیت پر بھی غور و فکر کی جاتی ہے، تاکہ جب یہ نوخیز طلبہ کل کو قومی دھارے میں شامل ہوں تو یہ ملک و ملت کے لیے ہمہ جہت مفید ہی مفید ہوں۔ سرپرست حضرات کا کہنا تھا کہ والدین کو بُلانا اور اُن سے اس طرح مشورہ کرنا جامعہ بیت السلام ہی کی خصوصیت ہے۔